लक्ष्यं विद्यमानम्

# WEST BENGAL STATE UNIVERSITY

B.A. Honours 4th Semester Examination, 2023

## URDACOR08T-URDU (CC8)

Time Allotted: 2 Hours                                                  Full Marks: 50

*The figures in the margin indicate full marks.*
*Candidates should answer in their own words and adhere to the word limit as practicable.*

1. مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے جواب دیجئے:                2×5 = 10

(i) مجتبیٰ حسین کی کسی دو کتابوں کے نام لکھئے.

(ii) اردو کا پہلا اخبار کب اور کہاں سے شائع ہوا؟

(iii) " الہلال والبلاغ" کی سن اشاعت بتایئے.

(iv) اداریہ کی تعریف دو جملوں میں کیجئے.

(v) سرسید احمد خاں کے کسی دو مقالات کے عنوانات بتایئے.

(vi) " برف کی الماری" کے کسی دو کرداروں کے نام بتایئے.

(vii) " تعصب" کا تعلق کس صنف ادب سے ہے؟

(viii) اردو کے کسی دو اہم انشائیہ نگاروں کے نام بتایئے.

2. درج ذیل سوالات میں سے کسی دو کے جواب لکھیے:                10×2 = 20

(الف) انشائیہ کی تعریف کرتے ہوئے اردو کے اہم انشائیہ نگاروں کا تذکرہ کیجئے.

(ب) اردو میں مقالہ نگاری کی روایت کا جائزہ لیجئے.

(ج) سرسید کو بحیثیت مقالہ نگار پیش کیجئے.

(د) مولانا ابوالکلام آزاد کی صحافتی خدمات پر روشنی ڈالئے.

3. درج ذیل سوالات میں سے کسی ایک کا جواب تحریر کیجئے: 10×1 = 10

(i) صحافت کیا ہے؟ اُس کا ادب اور سماج سے کیا رشتہ ہے؟

(ii) اداریہ نویسی، کالم نویسی اور رپورٹ نگاری کا فرق واضح کیجئے۔

(iii) " تعصب" کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

4. درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح مع حوالہ کیجئے: 10×1 = 10

(الف) " وہ ان تمام دلچسپ اور مفید باتوں سے جو نئی تحقیقات سے اور نئے علوم اور فنون سے حاصل ہوتی ہیں، محض جاہل اور ناواقف رہتا ہے۔ اس کی عقل اور اس کے دماغ کی قوت محض بیکار ہو جاتی ہے۔ اور جو کچھ اس میں سمائی ہوتی ہے اس کے سوا اور کسی بات کے سمجھنے کی اس میں طاقت اور قوت نہیں رہتی"۔

(ب) " اس لیکچر کو سننے کے بعد ہم دفتر چلے گئے۔ شام میں گھر واپس ہوئے اور پانی پینے کے لئے فریج کو کھولا تو دیکھا کہ اس میں ہماری کتابیں بڑے قرینے ہوئی سے رکھی ہیں۔ ہم نے بیوی سے کہا" یہ کیا حرکت ہے"؟ بولیں" آپ کی لکھی ہوئی کتابیں وہیں زیب دیتی ہیں۔ انھیں باہر رکھا جائے تو مجھے اندیشہ ہے کہ کہیں یہ سڑ گل نہ جائیں"۔

———×———

**WEST BENGAL STATE UNIVERSITY**
B.A. Honours 4th Semester Examination, 2023

## URDACOR09T-URDU (CC9)

Time Allotted: 2 Hours — Full Marks: 50

*The figures in the margin indicate full marks.*
*Candidates should answer in their own words and adhere to the word limit as practicable.*

1. مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی پانچ کے جواب دیجئے: — 2×5 = 10

(i) دو ترقی پسند غزل گو کے نام لکھئے.

(ii) 1960 کے بعد کے دو معروف شعراء کے نام لکھئے.

(iii) اقبال کی غزل کا ایک شعر لکھئے.

(iv) یگانہ چنگیزی کا اصل نام تحریر کیجئے.

(v) نصاب میں شامل عرفان صدیقی کی غزل کا ایک شعر لکھئے.

(vi) شہریار کا اصل نام کیا تھا؟

(vii) " چلے چلو جہاں لے جائے ولولہ دل کا"
شعر مکمل کیجئے اور شاعر کا نام بتایئے.

(viii) فیض احمد فیض کا ایک شعر لکھئے.

2. کسی دو سوالوں کے جواب اختصار کے ساتھ لکھئے: — 10×2 = 20

(الف) 1960 کے بعد اردو غزل میں رونما ہونے والی تبدیلیوں کا جائزہ لیجئے.

(ب) جدید اردو غزل کے انقلابی پس منظر سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے.

(ج) 1980ء کے بعد اردو غزل کے موضوعات پر روشنی ڈالئے

3. مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک کا جواب دیجئے: 10×1 = 10

(i) ناصر کاظمی کی غزل گوئی پر نوٹ لکھئے.

(ii) عرفان صدیقی کی شاعری کے محاسن اجاگر کیجئے.

4. کسی دو اشعار کی ناقدانہ تشریح کیجئے: 5×2 = 10

(الف) شامت آگئی آخر کہہ گیا خدا لگتی
راستی کا پھل پاتا بندۂ مقرب کیا

(ب) پھر کئی لوگ نظر سے گزرے
پھر کوئی شہر طرب یاد آیا

(ج) وہ جس نے پودا لگائی ہے پھول بھی دے گا
سخن دیا ہے تو حُسن قبول بھی دے گا

——×——

लक्ष्यं विश्वमानम्

# WEST BENGAL STATE UNIVERSITY

B.A. Honours/Programme 4th Semester Examination, 2023

## URDHGEC04T/URDGCOR04T-URDU (GE4/DSC4)

Time Allotted: 2 Hours | Full Marks: 50

*The figures in the margin indicate full marks.*
*Candidates should answer in their own words and adhere to the word limit as practicable.*

1. درج ذیل سوالات میں سے پانچ کے جوابات تحریر کیجئے: 2×5 = 10

(i) داستان کی دو بنیادی خصوصیات لکھیئے.

(ii) فورٹ ولیم کالج کے دو مصنفین کا نام بتایئے.

(iii) " گئودان" کے مصنف کا نام بتایئے.

(iv) " طوالت" کس صنفِ ادب کا خاص عنصر ہے؟

(v) پریم چند کا اصل نام بتایئے.

(vi) " ہوری" کس ناول کا کردار ہے؟

(vii) ناول کے دو اجزائے ترکیبی کیا ہیں؟

(viii) باغ و بہار کے دو کرداروں کے نام لکھیئے.

2. درج ذیل سوالات میں کسی دو کے جواب لکھئے: 10×2 = 20

(i) اردو ناول کے آغاز وارتقاء سے بحث کیجئے.

(ii) داستان کی تعریف کرتے ہوئے اس کے اجزائے ترکیبی بتایئے.

(iii) " باغ و بہار" کی ادبی حیثت پر اپنے خیالات قلمبند کیجئے.

(iv) فورٹ ولیم کالج کے قیام کے مقاصد بیان کیجئے.

3. کسی ایک سوال کا جواب لکھیے: 10×1 = 10

(i) مرزا ہادی رسوا کو بحیثیت ناول نگار پیش کیجیے۔

(ii) اردو داستان کے آغاز و ارتقاء سے بحث کیجیے۔

4. کسی ایک پر تفصیلی تحریر کیجیے: 10×1 = 10

(i) میر امن دہلوی

(ii) پریم چند۔

——×——

लक्ष्यं विश्वमानम्

# WEST BENGAL STATE UNIVERSITY

B.A. Honours 4th Semester Examination, 2023

## URDACOR10T-URDU (CC10)

Time Allotted: 2 Hours — Full Marks: 50

*The figures in the margin indicate full marks.*
*Candidates should answer in their own words and adhere to the word limit as practicable.*

۱. درج ذیل میں سے کسی پانچ سوالوں کے جواب دیجئے: — 2×5= 10

(i) " بے چہرگی" کس کی تخلیق ہے؟

(ii) اختر الایمان کس تحریک سے وابستہ تھے؟

(iii) ترقی پسند تحریک کی بنیاد کب پڑی؟

(iv) " کلرک کا نغمۂ محبت" کس کی نظم ہے؟

(v) نصاب میں شامل ندا فاضلی کی نظم کا نام بتایئے.

(vi) ترقی پسند تحریک کے دو شعراء کے نام بتایئے.

(vii) حلقہ ارباب ذوق کی بنیاد کب پڑی؟

(viii) حلقہ ارباب ذوق سے منسلک کسی ایک معروف شاعر کا نام بتایئے.

۲. درج ذیل سوالات میں سے کسی دو کے جواب لکھئے: — 10×2 = 20

(i) ترقی پسند نظم کا جائزہ لیجئے.

(ii) فیض احمد فیض کی نظم نگاری کا جائزہ لیجئے.

(iii) محمد علوی کی نظم نگاری کا جائزہ لیجئے.

(iv) جدید فکر اور اردو نظم کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیجئے.

۳. درج ذیل میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھئے: — 10×1 = 10

(i) کون (ii) ایک لڑکا

۴. درج ذیل میں سے کسی ایک کا تجزیہ پیش کیجئے: 10×1 = 10

(i)
ادھر نہ دیکھو کہ جو بہادر
قلم کے یا تیغ کے دھنی تھے
جو عزم وہمت کے مدعی تھے
اب ان کے ہاتھوں میں صدق ایماں کی
آزمودہ پرانی تلوار مڑ گئی ہے
جو کج کلہ صاحب حشم تھے
جو اہل دستار محترم تھے
ہوس کے پُر پیچ راستوں میں
کلہ کسی نے گرو رکھ دی
کسی نے دستار بیچ دی ہے

(ii)
ابھی مرا نہیں زندہ ہے آدمی شاید
یہیں کہیں اسے ڈھونڈو یہیں کہیں ہوگا
بدن کی اندھی گپھا میں چھپا ہوا ہوگا
بڑھا کے ہاتھ
ہر اک روشنی کو گل کردو
ہوائیں تیز ہیں جھنڈے لپیٹ کہ رکھ دو
جو ہو سکے تو ان آنکھوں پہ پٹیاں کس دو
نہ کوئی پاؤں کی آہٹ
نہ سانسوں کی آواز
ڈرا ہوا ہے وہ
کچھ اور بھی نہ ڈر جائے
بدن کی اندھی گپھا سے نہ کوچ کر جائے
یہیں کہیں اسے ڈھونڈو۔

——×——

लक्ष्यं सिद्धमानम्

# WEST BENGAL STATE UNIVERSITY

B.A./B.Com. Programme 4th Semester Examination, 2023

## URDLCOR02T-URDU (MIL)

Time Allotted: 2 Hours — Full Marks: 50

*The figures in the margin indicate full marks.*
*Candidates should answer in their own words and adhere to the word limit as practicable.*

1. درج ذیل سوالوں میں سے کسی پانچ کے مختصر جواب دیجئے: — 2×5=10

(i) اردو کے دو اہم ناول نگاروں کے نام بتائے.

(ii) افسانہ" مکھر جی بابو کی ڈائری" کس کی تخلیق ہے؟

(iii) افسانہ" موذیل" کے دو کرداروں کے نام بتائے.

(iv) منٹو کی ولادت کب اور کہاں ہوئی؟

(v) "ضدی" کس کی تخلیق ہے؟

(vi) " اناکا زخم" کے مصنف کا نام بتایئے.

(vii) ترقی پسند تحریک سے وابستہ کسی دو افسانہ نگاروں کے نام بتایئے.

(viii) راجندر سنگھ بیدی کے دو افسانوں کے نام بتائے.

2. درج ذیل سوالوں میں سے کسی دو کے جواب دیجیے: — 10×2= 20

(i) افسانے کی تعریف کرتے ہوئے اور اس کے اجزائے ترکیبی سے بحث کیجئے.

(ii) " مکرجی بابو کی ڈائری" کا تنقیدی جائزہ پیش کیجئے.

(iii) عصمت چغتائی کی افسانہ نگاری پر تفصیلی نوٹ لکھیئے.

(iv) اہم جدید افسانہ نگاری کے تعلق سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے.

3. درج ذیل میں سے کسی ایک کا جواب دیجئے: 10×1 = 10

(i) " رک جاؤ" راجندر سنگھ بیدی کی افسانہ نگاری کا جائزہ لیجئے.

(ii) " موذیل" کا تنقیدی جائزہ لیجئے.

4. درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب تحریر کیجئے: 10×1 = 10

(i) غلام عباس کی افسانہ نگاری پر تفصیلی نوٹ لکھیے.

(ii) جدید ناول نگاروں کا مجموعی مطالعہ پیش کیجئے.

——×——